"آپ کی زندگی کے چند قیمتی سال ضائع ہو گئے" (ص ۲۵۹)۔ مولانا محمد الیاس کاندھلوی مرحوم (بانی تبلیغی جماعت) کے روحانی تصرف سے وہ راہ راست پر آ گئے اور اسے "ایک تقدیری امر کے سوا اور کچھ بھی نہیں کہا جا سکتا"۔ لیکن "جملہ معترضہ" کے تحت سنبھلی صاحب نے جو کچھ لکھا ہے اور مولانا مودودی کی تحریروں اور علی گڑھ میں ان کے لیکچر "اسلامی حکومت کس طرح قائم ہوتی ہے؟" (۱۹۴۰) اور ان کے پروگرام کو جس طرح غیر عملی اور ہوائی نقشہ کار قرار دیا ہے، اسے پڑھتے ہوئے احساس ہوتا ہے کہ انھوں نے یہاں ایک بے محل بحث چھیڑنے کی کوشش کی ہے، جسے خاص نمبر کے موضوع سے مناسبت نہیں۔ (ر- ہ)

کتاب النباتات، حکیم منیر احمد قریشی۔ ناشر: ادارہ مطبوعات سلیمانی، اردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۳۵۲۔ قیمت: ۲۲۵ روپے۔

مصنف نے محض اپنے شوق اور لگن سے پاکستان کے مختلف علاقوں کے اہم ادویاتی پودوں پر اپنی تحقیق کو زیر نظر کتاب کی شکل میں پیش کیا ہے۔ اپنے موضوع پر یہ ایک انتہائی مفید اور بیش قیمت کتاب ہے جس میں پودوں کے سائنسی و مقامی نام، ان کی شناخت، مقام پیدائش، ان کی تاریخ، کیمیاوی تجزیہ، افعال و خواص، خوراک اور فوائد وغیرہ مع رنگین تصاویر شامل ہیں۔ مصنف نے خود جنگلوں، ویرانوں اور پہاڑوں میں گھوم پھر کر معلومات جمع کی ہیں اور تصاویر کی فراہمی کا بھی اہتمام کیا ہے۔ ہر تصویر کے ساتھ تاریخ، مقام اور اس کی بلندی بھی لکھ دی ہے۔ ابتدا میں علم نباتات کی تاریخ دی ہے اور بعض ماہرین نباتات کے کارناموں پر بھی مختصر روشنی ڈالی ہے۔ پاکستان میں طبی نقطہ نظر سے پودوں کی تحقیق پر کئی سرکاری ادارے کام کر رہے ہیں، زیر نظر کام ایک فرد واحد کی محنت و کاوش کا حاصل ہے، اس لیے یہ ہر طور قابل ستائش ہے۔ نباتات کے بعض ماہرین نے بھی اس کاوش کو سراہا ہے۔ کتاب رنگین تصویروں کے ساتھ اہتمام سے شائع کی گئی ہے۔ (ر- ہ)

ملک لوٹنے والے چہرے، افضال مظہر راٹھور۔ ناشر: نوری بک ڈپو، امین بازار، فیصل آباد۔ صفحات: ۳۲۰۔ قیمت: ۱۷۰ روپے۔

وطن عزیز وجود میں آیا تو چند سال بعد ہی حکمرانوں کی غفلت اور بعض اوقات ان کی ملی بھگت سے یہاں کرپشن شروع ہو گئی اور طرح طرح کی بدعنوانیاں سامنے آنے لگیں۔ وقت کے ساتھ ساتھ یہ سلسلہ بڑھتا چلا گیا حتیٰ کہ ہر طرف لوٹ مار کا بازار گرم ہو گیا اور اہل وطن کی مزید بدقسمتی یہ کہ اس کرپشن کے خلاف کہیں سے موثر آواز بلند نہ ہو سکی (شاید اس لیے کہ برسر اقتدار سیاست دان اور ارباب بست و کشاد